# تبصرے

اریخِ اسلام کے فیصلہ کن لمحات (انگریزی) از محمد عبداللہ عنان تقطیع ۱۸×۲۲ ٹائپ عمدہ
غذ دبیز ضخامت ۲۹۴ صفحات قیمت للعہ پتہ:- شیخ محمد اشرف کشمیری بازار لاہور

یہ کتاب سب سے پہلے عربی میں شائع ہوئی تھی۔ اب اسی کا انگریزی ترجمہ خود فاضل مصنف ے قلم سے شائع ہوا ہے۔ اس کتاب میں تاریخ اسلام کے ان اہم واقعات کو تفصیل سے بیان کیا یا ہے جن کے نتائج تاریخ میں ایک عظیم الشان اثر کا باعث بنے ہیں

مثلاً یہ واقعہ ہے کہ اگر مسلمان سلیمان بن عبدالملک کے زمانہ میں قسطنطنیہ کو فتح کرنے اور میر عبدالرحمن جنگ تورس میں چارلس مارٹل کو شکست دینے میں کامیاب ہو گئے ہوتے تو آج دنیائے سلام کا نقشہ ہی کچھ اور ہوتا اور یورپ میں بھی بجائے عیسائیت کے اسلام کا پرچم لہرا رہا ہوتا۔ مد عبداللہ عنان نے زیر تبصرہ کتاب میں یہ اور اسی قسم کے بعض اور اہم واقعات کو مثلاً کریٹ کی تح اور سسلی کی فتح۔ نہایت تفصیل اور عمدہ ترتیب کے ساتھ بیان کیا ہے۔ مصنف کی مادری زبان ربی ہے۔ لیکن انگریزی ترجمہ میں بھی انھیں خاطر خواہ کامیابی ہوئی ہے۔ ان واقعات کے اوہ اسلام کی ڈپلومیسی ہشام لمان اور ہارون رشید، قرون وسطیٰ میں غلامی وغیرہ وغیرہ متفرق ضامین بھی عمدہ اور لائق مطالعہ ہیں۔ کتاب محنت اور تحقیق سے لکھی گئی ہے۔ لیکن افسوس ہے کہ تاب کے شروع کے دو ابواب میں مصنف نے مسلمانوں کی فتوحات کے اسباب، ذمیوں کے ساتھ ان کا معاملہ، اور خود عربوں میں اسلام کی اشاعت پذیرائی پر جو بحث کی ہے اس میں ستشرقین کے نقطۂ نگاہ کا اثر بہت زیادہ نمایاں نظر آتا ہے، مولانا شبلی نعمانی، سید امیر علی،